اَصحَابی کَالنُّجُوم بِاَیِّھِم اقتَدَیتُم اِھتَدَیتُم

# مناقبِ صحابہ کرامؓ پر

# چالیس احادیثِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین کی روشنی میں نئی نسل کے شگوفوں
سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں اور مدارسِ عربیہ کے طلبہ
اور عام مسلم بچوں اور بچیوں کو مقام صحابہ کرامؓ سے ہم آغوش کرنیوالا
خوبصورت مجموعہ

ابو ریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی

Scanned with CamScanner

ناموس صحابہ کا تحفظ... آنحضرت ﷺ کے مقدس ارشادات و فرامین

# مناقب صحابہ کرامؓ پر چالیس احادیث

سکولوں اور مدارس عربیہ کے طلبہ اور تمام مسلمان بچوں

کو تحفظ ناموس صحابہؓ کے مکمل مشن کو متعارف کرانے کے لیے

آنحضرت ﷺ کی چالیس احادیث

ابو ریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے فضائل صحابہ رضی اللہ عنہم کا

## اعلان صحابہ رضی اللہ عنہم کی برکات

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

۱- قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم النجوم امنہ للسماء فاذا ذھبت النجوم اتی السماء ما توعدوانا امنہ لاصحابی فاذا ذھبت انا اتی اصحابی ما یوعدون واصحابی امنہ لامتی فاذا ذھب اصحابی اتی امتی مایوعدون (مسلم، ج۲، ص۳۰۸)

ستارے آسمان کی امان کا سبب ہیں جب ستارے ختم ہوں گے تو قیامت آجائے گی۔ آگے فرمایا، میرے صحابہ میری امت کے لیے امان کا سبب ہیں جب یہ ختم ہو جائیں گے تو اختلافات پڑ جائیں گے۔

۲- قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من احد من اصحابی لیموت بارض الا بعث قائدا ونورلھم یوم القیامہ-(رواہ الترمذی)

بحوالہ عبداللہ بن بریدہ -- آپ نے فرمایا:

"میرا جو صحابیؓ بھی کسی سرزمین میں فوت ہوا' وہ قیامت کے دن اس سرزمین کے (مدفون) لوگوں کے لیے پیشوا اور نمونہ بنا کر اٹھایا جائے گا"۔

۳- قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مثل اصحابی فی امتی کالملح فی الطعام ولا یصلح الطعام الا بالملح -(مشکوۃ' ص ۵۵۴)

بحوالہ انس رضی اللہ عنہ -- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"میری امت میں میرے صحابہؓ کی مثال ایسی ہے جیسے کھانے میں نمک اور کھانا نمک کے بغیر لذیذ نہیں ہوتا۔

۴- قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر امتی قرنی الذین یلونی ثم الذین یلونھم- (مسلم' ج ۲' ص ۲۰۹ و بخاری' ج ۱' ص ۵۱۵)

بحوالہ عبداللہ -- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"میری امت کا سب سے بہتر طبقہ وہ ہے جو میرے ساتھ (صحابہ کرامؓ) ہے پھر وہ جو ان کے ساتھ ہے"۔

۵- خیر الناس قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم-

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا -- بحوالہ عمران حصینؓ

"سب سے بہتر لوگ وہ ہیں جو میرے ساتھ ہیں' پھر وہ جو ان کے ساتھ ہیں"۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا -- بحوالہ ابو سعید خدریؓ

"لوگوں پر ایک زمانہ آئے گا جب کسی جگہ کے لیے لشکر روانہ ہو گا تو کہا جائے گا' کیا تم میں کوئی صحابی موجود ہے؟ چنانچہ صحابی کے وجود کے برکت

سے انہیں فتح حاصل ہوگی' پھر ایک وقت کہا جائے گا' کیا تم میں صحابی کی زیارت کرنے والا (تابعی) موجود ہے؟ چنانچہ تابعی کے باعث فتح ہوگی"۔ (بخاری' ج۱' ص۵۱۵' مسلم' ۲۱' ص ۳۰۸)

۶۔ اکرموا اصحابی فانهم خیارکم الامن سره بحبوبه الجنه فلیلزم الجماعه فان الشیطان مع الفذ۔(مشکوۃ' ص ۵۵۴)

حضور ﷺ نے فرمایا -- بحوالہ حضرت عمرؓ

"لوگو! میرے صحابہؓ کی عزت کرنا کیونکہ وہ تم سے بہتر ہیں اور جس کو جنت کا وسط پسند ہو تو وہ صحابہؓ کی جماعت ہی سے منسلک ہو جائے۔ اس لیے کہ الگ رہنے والے کے ہمراہ شیطان ہو گا"۔

۷۔ لا تزالون بخیر ما دام فیکم من رانی وصاحبنی والله لا تزالون بخیر ما دام فیکم من رای ومن رانی وصاحبنی۔(طبرانی' ج۱' ص۹' ومجمع الزوائد' ص ۲۰' ج۱)

بحوالہ وائلہ بن اسقعؓ -- آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

"لوگو! تم اس وقت تک بخیر و عافیت رہو گے جب تک تم میں میرے دیکھنے والے (صحابہؓ) اور پھر ان کے دیکھنے والے (تابعین) موجود ہوں گے"۔

## حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ کے فضائل

۸۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اقتدوا من بعدی ابابکرؓ و عمرؓ

شیخینؓ یعنی ابو بکرؓ و عمرؓ کی طرف منہ کر کے فرمایا' "میرے بعد ان کی اقتدا کرنا"۔

۹- آنحضرت ﷺ نے فرمایا: لو کان بعدی نبی لکان عمر
"اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمرؓ ہوتے"۔

۱۰- آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اللھم اعز الاسلام بعمر بن الخطاب۔
"اے اللہ! اسلام کو عمرؓ کے ساتھ خاص طور پر عزت عطا فرما"۔ (سنن ابن ماجہ)

۱۱- آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ان اللہ جعل الحق علی لسان عمرؓ
"بے شک اللہ نے عمرؓ کی زبان پر حق جاری کر دیا ہی"۔ (ابن ماجہ)

## مناقب صحابہؓ

۱۲- ان اللہ اختار اصحابی علی العالمین سوی النبین والمرسلین واختار من اصحابی اربعہ یعنی ابا بکر وعمر وعثمان و علیا فجعلھم اصحابی وقال فی اصحابی کلھم خیر۔ (قرطبی، ج۱۶، ص۲۹۷ و مجمع الزوائد، ص۱۶، ج۱۰)

بحوالہ جابرؓ -- آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ نے پیغمبروں کے سوا باقی سب جہان والوں پر میرے صحابہؓ کو فضیلت بخشی اور ان میں سے میرے چار دوستوں ابو بکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ کو منتخب فرما کر خصوصی مصاحب بنایا اور میرے ہر صحابیؓ میں بھلائی موجود ہے"۔

۱۳- عن عویم بن ساعدہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ واختارنی

Scanned with CamScanner

واختارنی اصحابی فجعل لی منهم وزواء واختانا واصهارا فمن یسبهم فعلیه لعنه الله والملائکه والناس اجمعین ولا یقبل منه یوم القیامه فرضا۔(تفسیر قرطبی' ج۱۶' ص ۲۹۷)

بحوالہ عویم بن ساعدہؓ -- آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ نے تمام مخلوق سے مجھے چن لیا اور میرے اصحاب کو میری صحبت کے لیے منتخب کیا۔ ان میں بعضوں کو میرے وزراء' خسر اور داماد بنایا۔ پس جس نے میرے صحابہ کی بدگوئی کی ان پر اللہ اور فرشتوں کی لعنت ہو۔ قیامت کے دن ان کا فرض قبول ہو گا نہ نفل"۔

۱۴- عن جابر بن عبدالله یقول سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم لاتمس النار مسلما رانی اورای من رانی۔(ترمذی' ج۲' ص۲۳۱)

بحوالہ جابرؓ بن عبداللہ -- حضرت جابرؓ فرماتے ہیں' میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ "جس مسلمان نے مجھے دیکھا یا میرے اصحاب کو دیکھا اور اس پر فوت ہوا تو اس کو جہنم کی آگ نہ چھوئے گی"۔

۱۵- عن جابر قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله اختار اصحابی علی الثقلین سوی النبیین۔(الاصابہ' ج۱' ص۱۲)

بحوالہ جابرؓ -- حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کے علاوہ باقی تمام جن و انس پر میرے اصحابؓ کو فضیلت بخشی ہے"۔ (الاصابہ' ج۱' ص۱۲)

۱۶- عن حذیفه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم تکون لاصحابی من بعدی ذله

Scanned with CamScanner

يغفرها الله عزوجل لهم لبابقتهم معى يعمل بها قوم من بعدهم يكبهم الله عزوجل فى النار على مناخرهم- (اخرجه تمام الرازی فی فوائده، ریاض النضرہ، ج ۱، ص ۱۳)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ میرے بعد میرے صحابہؓ کی اگر کوئی لغزش ہوگی تو اللہ تعالیٰ میرے ساتھ سابقہ اعمال صالحہ کی بدولت ان کو بخش دے گا۔ ان کے بعد اگر کوئی قوم اس کی مرتکب ہو تو اللہ تعالیٰ ان کو اوندھے منہ کے بل جہنم میں گرا دیں گے۔

۱۷- عن ابن مسعود قال قال ان الله نظر فى قلوب العباد فاختار محمدا صلى الله عليه وسلم فبعث برساله وانتخبه بعلمه ثم نظر فى قلوب الناس بعده فاختار له اصحابا فجعلهم انصار دينه و وزراء نبوته وما راه المومنين حسنا فهو عند الله حسن وما راه المومنون قبيحا فهو عندالله قبيح- (کنز العمال، ج ۲، ص ۳۱۱)

بحوالہ ابن مسعودؓ -- "اللہ تعالیٰ نے بندوں کے قلوب کا معائنہ فرمایا، رسول اللہ ﷺ کو پسند فرمایا چنانچہ آپ ﷺ کو رسول بنا کر بھیجا اور علم میں ممتاز فرمایا اور اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے دلوں کو دیکھا تو آپ ﷺ کے اصحابؓ کو پسند فرمایا اور انہیں اپنے دین کا مددگار اور اپنے نبی کے وزراء و مشیر کار بنایا۔ پس یہ مومنین (صحابہ کرامؓ) جس چیز کو اچھا سمجھیں وہی اللہ کے نزدیک اچھی ہے اور جسے مومن قبیح اور غلط سمجھیں وہ اللہ کے نزدیک بھی قبیح ہے"۔

۱۸- عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لیدخلن الجنہ من بایع تحت الشجرہ الاصاحب الاحمر-(جامع ترمذی ج ۲ ص ۲۲۶)

بحوالہ جابرؓ -- آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے درخت کے نیچے بیعت (رضوان) کی وہ یقیناً جنت میں جائے گا مگر وہ سرخ لاٹھی والا نہ جائے گا۔ (کیونکہ اس نے نفاق کی وجہ سے بیعت نہیں کی)"۔(یعنی ابن ابی)

۱۹- عن جابرؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لایدخل النار من بایع تحت الشجرہ-

بحوالہ جابرؓ -- آپ ﷺ نے فرمایا کہ "جس نے درخت کے نیچے بیعت رضوان کی وہ آگ میں داخل نہ ہو گا"۔

۲۰- عن جابر- ان عبد الحاطب جاء الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یشکوا حاطبا فقال یا رسول اللہ لیدخلن حاطب النار فقال کذبت لایدخلها ابدا فانہ بشهید بدرا والحدیبیہ-(ترمذی ج ۲ ص ۲۲۶)

بحوالہ جابرؓ -- حضرت حاطب بن ابی بلتعہؓ کا ایک غلام حضور ﷺ کی خدمت میں حضرت حاطب کی شکایت کرنے حاضر ہوا اور کہا، یارسول اللہ! حاطب آگ میں داخل ہو گا؟ تو آپؐ نے فرمایا، تو نے جھوٹ بولا، وہ کبھی آگ میں داخل نہ ہو گا کیونکہ وہ غزوۂ بدر اور صلح حدیبیہ میں شریک رہا۔

حضرت عبداللہ بن اخطب سے مرسلاً روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ابوبکر و عمر کو دیکھ کر فرمایا: ھذان السمع والبصر- "یہ

دونوں میرے آنکھ اور کان ہیں"۔ (ترمذی، ج ۲، ص ۳۸)

## صحابہ کرام کے بارے میں آنحضرت ﷺ کی وصیت

۲۱ - عن عبدالرحمن بن عوف قال لما حضرت للنبی صلی اللہ علیہ وسلم الوفاہ قالوا یارسول اللہ اوصینا قال اوصیکم بالسابقین الاولین من المہاجرین وابناء ھم من بعد الا تفعلوہ لایقبل منکم صرف ولاعدل۔ (مجمع الزوائد، ج ۱، ص ۱۷)

بحوالہ عبدالرحمٰن بن عوفؓ -- آپؓ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ کا وقت ارتحال قریب ہوا تو صحابہؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ہمیں وصیت کیجئے۔ تو آپ ؐ نے فرمایا، تمہیں سابقین اولین مہاجرین (اور انصار کے بارے میں) اور ان کے بعد ان کے بیٹوں کے بارے میں حسن سلوک کی وصیت کرتا ہوں اگر تم ایسا نہ کرو گے تو تمہارے فرائض و نوافل قبول نہ ہوں گے۔

۲۲- لایبلغی احد من اصحابی عن احد شیئا فانی احب ان اخرج الیکم وانا سلیم۔ (ابوداؤد و مشکوۃ، ص ۴۱۴)

بحوالہ ابن مسعودؓ -- حضور ﷺ نے فرمایا، میرا کوئی صحابی میرے دوسرے صحابی کے بارے میں کچھ (شکایت وغیرہ) نہ پہنچائے۔ اس لیے تو میں پسند کرتا ہوں کہ میں آپ کے پاس اس حال میں آؤں گا کہ میرا دل صاف ہو"۔

۲۳ - احفظونی فی اصحابی وانصاری

Scanned with CamScanner

واصھاری فمن حفظنی فیھم حفظہ اللہ فی الدنیا والاخرہ ومن لم یحفظنی فیھم تخلی اللہ منھم ومن تخلی اللہ منہ یوشک ان یاخذہ۔ (الصواعق المحرقہ، ص ۲)

بحوالہ عیاض انصاریؓ -- آنحضرت ﷺ نے فرمایا: "لوگو! میرے صحابہؓ میرے مددگاروں اور مرے دامادوں کے بارے میں میرا خیال رکھو اور جو میری رعایت کرے گا (ان کو برا نہ کہے گا) اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کی رعایت رکھے گا اور جو خیال نہ کرے تو اللہ اس سے بری ہو جائیں گے اور جس سے خدا بری ہوا قریب ہے کہ خدا اس کو گرفتار کرے"۔

۲۴- عن انس قال ذکر مالک بن دخشن عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فوقعوا فیہ یقال لہ راس المنافقین فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم دعوا اصحابی لاتسبوا اصحابی۔

انسؓ فرماتے ہیں کہ "مالک بن دخشنؓ کا آنحضرت ﷺ کے سامنے گزر ہوا تو لوگ ان کی بدگوئی کرنے لگے اور اسے منافقین کا سردار کہنے لگے۔ تو حضورؐ نے فرمایا، چھوڑ دو میرے صحابہ کو ان کو برا بھلا نہ کہو"۔ (ترمذی، ج ۲، ص ۲۲۷)

۲۵- اذا رایتم الذین یسبون اصحابی فقولوا لعنہ اللہ علی شرکم۔

بحوالہ ابن عمرؓ -- آنحضرت ﷺ نے فرمایا: "جب تم ان لوگوں کو جو میرے صحابہؓ کو برا بھلا کہتے ہیں دیکھو تو کہو تمہارے شر پر اللہ تعالیٰ کی لعنت (اور ایک روایت میں ہے) اللہ، فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت

Scanned with CamScanner

ہو"۔

۲۶۔ ان شرار امتی اجرئھم علی اصحابی۔

بحوالہ ابن عدیؒ -- حضور ﷺ نے فرمایا: "میری امت کے بدترین لوگ وہ ہیں جو میرے صحابہؓ پر (طعن کرنے میں) جری ہیں"۔

۲۷۔ لا تسبرا اصحابی لعن اللہ من سب اصحابی۔(مجمع الزوائد' ج ۲' ص ۲۱)

بحوالہ عائشہ صدیقہؓ -- آنحضرت ﷺ نے فرمایا: "میرے صحابہ کو برا بھلا نہ کہو اس پر اللہ کی لعنت ہو جو میرے صحابہؓ پر طعن و تشنیع کرے"۔

۲۸ ان اللہ اختارنی واختار اصحابی فجعلھم اصھاری وجعلھم انصاری وانہ ان یجیئی فی آخر الزمان قوم یسبونھم الافلا تنا کحوھم الا فلا تشاربوھم الافلا تصلوا معھم الا فلا تصلو علیھم حلت علیھم اللعنتہ۔(کفایہ' ص ۴۸)

بحوالہ انس بن مالکؓ -- آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے مجھے چن لیا اور میرے صحابہؓ کو بھی چن لیا' چنانچہ (کچھ کو) میرا رازدار اور میرا مددگار بنایا۔ آخر زمانے میں ایک فرقہ ان کی برائی بیان کرے گا۔ خبردار ان کو کبھی رشتہ نہ دینا۔ خبردار انہیں شادی میں شریک نہ کرنا' ان کے ساتھ نماز اور نماز جنازہ نہ پڑھنا۔ ان پر اللہ کی لعنت ہو گی"۔

۲۹۔ واذا ذکر اصحابی فامسکوا۔ (الریاض النضرہ' ج ۱' ص ۱۳)

بحوالہ ابن مسعودؓ -- آنحضرت ﷺ نے فرمایا: "جب میرے

Scanned with CamScanner

صحابہؓ کا ذکر ہو تو (بدگوئی سے) رک جانا"۔

۳۰ - اکرموا اصحابی ثم الذین یلونھم۔
(ریاض النضرہ)

بحوالہ عمرؓ -- حضور ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہؓ کی عزت کرنا پھر ان کے بعد والوں کی"۔

۳۱ - یاایھا الناس احفظونی فی اختانی واصھاری لا یطالبنکم اللہ بمظلمہ احد منھم فانھا لیست مما یرھب یاایھا الناس ارفعوا السنتکم عن المسلمین واذا مات الرجل فلا تقفوا فیہ الاخیر۔

بحوالہ سہل بن مالک -- آنحضرت ﷺ نے فرمایا: "لوگو! میرے دامادوں اور خسروں کے بارے میں میرا لحاظ کرنا۔ ان میں سے کسی کی غلطی کا مواخذہ تم سے نہیں ہو گا کیونکہ وہ تبادلے کی چیز نہیں۔ مسلمانوں (صحابہؓ) کی عزتوں پر حکم کرنے سے اپنی زبانوں کو بچا رکھو، جب کوئی فوت ہو جائے تو بھلائی کے سوا اس میں کھود کرید مت کرو"۔ (الریاض النضرہ، ج ۱، ص ۱۱)

## صحابہ کرامؓ کی بدگوئی اور سب و شتم کی ممانعت

۳۲ - لاتسبوا اصحابی فلو ان احدکم انفق مثل احد ذھبا مابلغ ما احدھم ولانصیفھم۔
(بخاری، ج ۱، کتاب المناقب)

بحوالہ ابو سعید خدریؓ -- آپ ﷺ نے فرمایا: "میرے صحابہؓ کو برا بھلا نہ کہنا اس لیے کہ تمہارا پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرنا صحابہؓ کا آدھ کے خرچ کے ثواب کے برابر نہیں پہنچ سکتا"۔

Scanned with CamScanner

۳۳- عن ابن عباس قال کنت عندالنبی صلی اللہ علیہ وسلم وعندہ علی فقال النبی یا علی سیکون فی امتی قوم ینتحلون حب اهل البیت یسمون رافضہ قاتلوهم فانهم مشرکون -(مجمع الزوائد، ج ۱۰، ص ۲۱)

بحوالہ ابن عباسؓ -- آنحضرت ﷺ نے فرمایا: "اے علیؓ! میری امت میں اک گروہ وہ ہوگا جو اہل بیت کی محبت کا دعویٰ کرے گا۔ (صحابہؓ پر) طعن و تشنیع ان کی علامت ہوگی۔ ان کو رافض کہا جائے گا۔ ان سے جنگ کرنا کیونکہ وہ مشرک ہوگا"۔

۳۴- عن ابن عمر لا تسبوا اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم فان مقام احدهم ساعتہ خیر من عمل احد کم عمرہ -(کنز العمال)

بحوالہ ابن عمرؓ -- آپؐ نے فرمایا کہ "لوگو! اصحاب محمد ﷺ کی بدگوئی نہ کرو کیونکہ ان کی ایک گھڑی آنحضرتؐ کے ہمراہ تمہاری عمر کے سب اعمال سے بڑھ کر ہے"۔

۳۵- عن البراء قال لا تسبوا اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوالذی نفسی بیدہ لمقام احدهم مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افصل من عمل احد کم -(کنز العمال، ص ۳۱۱، ج ۶)

بحوالہ برآء بن عازب -- فرماتے ہیں کہ "حضور ﷺ کے اصحابؓ کو گالیاں نہ دینا کیونکہ اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے، رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ان کی تھوڑی سی صحبت تمہارے سب

عمر کے اعمال سے افضل ہے"۔

۳۶- قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم جاء رجل الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یارسول اللہ کیف تری فی رجل احب قوما ولم یلحق بھم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المراء مع من احب-(ریاض)

بحوالہ ابن مسعودؓ -- فرماتے ہیں کہ "حضور ﷺ کی خدمت میں ایک شخص آکر کہنے لگا' یارسول اللہ ؐ! اس شخص کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے جس نے کسی نیک قوم سے محبت کی مگر اس کے ساتھ شامل نہ ہوسکا۔ تو آپ ؐ نے فرمایا' قیامت کے دن ہر آدمی اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا"۔

## صحابہ کرامؓ نجوم ہدایت ہیں

۳۷- سالت ربی عن اختلاف اصحابی من بعدی فاوحی الی یامحمد- ان اصحابک عندی بمنزلہ النجوم فی السماء بعضھا اقوی من بعض ولکل نور فمن اخذ بشئی من ماھم علیہ فھو عندی علی ھدی- (مشکوۃ' ص ' ج۲)

بحوالہ عمرؓ -- "آپ ﷺ نے اپنے رب سے اپنے بعد اپنے صحابہؓ کے اختلاف کے متعلق پوچھا تو آپ کو وحی ہوئی' اے محمدؐ! تیرے صحابہ کرامؓ میرے نزدیک آسمان کے ستاروں جیسے ہیں۔ روشنی میں اگرچہ کم و بیش ہیں لیکن نور ہدایت ہر ایک میں ہے۔ پس جس نے ان کے اختلاف میں

سے کسی سے بھی تمسک کیا تو میرے نزدیک ہدایت پر ہے اور ایک روایت میں ہے جس کی پیروی کرو گے ہدایت پاؤ گے"۔

۳۸ - علیکم بسنتی وسنه الخلفاء الراشدین المهدیین- عضوا علیها بالنواجذ-(مشکوۃ باب السنۃ)

حضور ﷺ نے فرمایا: "لوگو! تم پر میری اور میرے ہدایت یافتہ نیکو کار خلفاء کی سنت پر عمل کرنا واجب ہے، اسے ڈاڑھوں سے مضبوطی سے تھامے رکھنا (نہ چھوڑنا)"۔

## وجوب پیروی صحابہ کرامؓ

۳۹ - تفترق امتی علی ثلاث وسبعین مله کلهم فی النار الا مله واحده قالوا من هی یارسول الله- قال ما انا علیه واصحابی- (ترمذی- مشکوۃ، ص۲۹)

بحوالہ عبداللہ ابن عمرؓ -- حضور ﷺ نے فرمایا: "میری امت تہتر فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی۔ ایک فرقے کے سوا سب دوزخ میں جائیں گے۔ صحابہؓ نے سوال کیا، وہ کون سی جماعت ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا، وہ جماعت وہ ہے (اس راستے کی پیروکار ہو) جس پر میں اور میرے صحابہؓ ہیں"۔

۴۰ - ان الله لا یجمع امتی علی الضلاله ویدالله علی الجماعه ومن شذ شذ فی النار- (ترمذی- مشکوۃ)

بحوالہ ابن عمرؓ -- آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ میری امت کو

گمراہی پر جمع نہیں کریں گے اور دست تصرف خداوندی جماعت ہی پر ہو گا اور جو الگ ہوا جہنم میں گرا"۔

۴۱ - علیکم بسنتی وسنه الخلفاء الراشدین المھدیین سکوا علیھا وعضوا علیھا بالنواجذ وایاکم والمحدثات الامور فان کل محدثه بدعه وکل بدعه ضلاله۔ (کتاب السنتہ)

"اے لوگو! خلفاء راشدین ہدایت دہندگان کی پیروی کرو۔ ان کو مضبوطی سے ڈاڑھوں سے تھام لو۔ خبردار نئی باتوں سے بچنا' اس لیے کہ ہر نئی بات بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے"۔

## صحابہ کرامؓ معیار حق ہیں

۴۲ - عن علی انھی عن اصحابی من شھدانی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ان یقول لھم سوء قد رضی اللہ عنھم وقال لھم فی کتابه خیرا ولکن احفظونی فی اصحابی فانھم اکثرھمی- رفضی الناس وضمونی وکذبنی الناس وصدقونی قاتلنی الناس ونصرونی ثم الانصار خاصه فجزاھم اللہ عن الخیر فانھم الستعاردون الانار- (کنزالعمال' ج ٦' ص ۳۱۱)

بحوالہ علیؓ -- آپ ﷺ فرمایا کرتے تھے: "میں اپنے صحابہ کرامؓ کے بارے میں مومنوں کو اسی بات سے روکتا ہوں کہ وہ ان کے حق میں بری

بات کہیں۔ بے شک اللہ ان سے راضی ہو چکا ہے اور اپنی کتاب میں ان کی فضیلت بیان کی۔ میں تمہیں وصیت کرتا ہوں میرے صحابہ کرامؓ کی حرمت کا خیال رکھنا۔ جب سب لوگوں نے میرا ساتھ چھوڑا انہوں نے سینے سے لگایا۔ لوگوں نے جھٹلایا تو انہوں نے میری تصدیق کی۔ لوگوں نے مجھ سے جنگ کی تو انہوں نے میری مدد کی۔ وہ میرے مطمع نظر اور روح رواں تھے۔ پھر خاص کر انصار کے بارے میں خصوصی طور پر وصیت کرتا ہوں"۔

Scanned with CamScanner

# سپاہ صحابہ کے کارکنوں کے مطالعہ کیلئے لازمی کتابیں

## سپاہ صحابہ کے کارکنوں کیلئے 25% خصوصی رعایت

| کتاب | مصنف | قیمت | کتاب | مصنف | قیمت |
|---|---|---|---|---|---|
| سپاہ صحابہ کیا ہے؟ کیا چاہتی ہے؟ اغراض و مقاصد | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | 5 / 3 روپے | افسران حکومت کے نام | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | 15 روپے |
| سپاہ صحابہ کا نصب العین اور اسکے تقاضے (القرطاس مبارک) | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | | خمینی ازم اور اسلام انگریزی اردو | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | 40 روپے |
| پیغام توحید و سنت | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | 25 روپے | حقیقت مذہب شیعہ | مولانا شیر علی | 15 روپے |
| اسلام کیا ہے؟ انگریزی اردو | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | 15 روپے | بطلان مذہب شیعہ | مولانا عبدالشکور لکھنوی رح | 15 روپے |
| رہبر و رہنما | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | 120 روپے | ایرانی انقلاب اور شیعیت | مولانا منظور احمد نعمانی | 45 روپے |
| اسلام میں صحابہ کرام کی آئینی حیثیت | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | 140 روپے | تاریخ مذہب شیعہ | مولانا عبدالشکور لکھنوی رح | 45 روپے |
| حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رض | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | روپے | فرقہ واریت کیا ہے؟ | ایم آئی صدیقی | 10 روپے |
| حضرت سیدنا عمر فاروق رض | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | روپے | شیعہ اور قرآن | مولانا عبدالشکور لکھنوی رح | 40 روپے |
| حضرت سیدنا عثمان ذوالنورین رض | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | روپے | سپاہ صحابہ کی پارلیمانی جدوجہد | محمود اقبال | 25 روپے |
| حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رض | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | روپے | معیار صحابیت | ڈاکٹر علامہ خالد محمود | 40 روپے |
| حضرت سیدنا حسن رض بن علی رض | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | روپے | مولانا حق نواز شہید کی پندرہ تقاریر | از مولانا محمد ضیاء القاسمی | 40 روپے |
| حضرت سیدنا حسین رض بن علی رض | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | روپے | مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی کی پندرہ تقاریر | محمود اقبال | 80 روپے |
| حضرت سیدنا معاویہ رض بن ابوسفیان | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | روپے | رشتہ فاروق رض و علی رض | حافظ محمد اقبال رنگونی | 25 روپے |
| حضرت سیدہ عائشہ رض | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | روپے | امام مہدی کے بارے میں شیعہ اور اہل سنت کا نقطہ نظر | ایم آئی صدیقی | |
| حضرت سیدہ فاطمہ رض | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | روپے | حکایات صحابہ رض | مولانا محمد زکریا قدس سرہ | |
| حضرت عبداللہ بن زبیر رض | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | روپے | تحفہ شیعیت اور صراط مستقیم | مولانا محمد یوسف لدھیانوی | |
| حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رض | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | روپے | حضرت معاویہ رض اور تاریخی حقائق | مولانا محمد تقی عثمانی | |
| حضرت خالد بن ولید رض | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | روپے | ردالرافض | مولانا احمد رضا خان فاضل بریلوی | |
| قادیانی غیر مسلم کیوں؟ انگریزی اردو | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | 25 روپے | الشیعہ والسنۃ | علامہ احسان الٰہی ظہیر رح | |
| گستاخ صحابہ کی شرعی سزا | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | 15 روپے | ارشاد الشیعہ | حضرت مولانا سرفراز خان صفدر | |
| خلافت و حکومت | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | 200 روپے | ایک ہزار سوال کا جواب | مولانا مہر محمد میانوالوی | |
| مولانا حق نواز شہید کا تعارف اور جدوجہد | ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی | 15 روپے | خلفائے راشدین | علامہ عبدالستار تونسوی | |
| اصحاب رسول ﷺ | سید نور الحسن بخاری رح | | اہلسنت پاکٹ بک | علامہ دوست محمد قریشی | |
| دفاع حضرت معاویہ رض | حضرت قاضی مظہر حسین چکوال | | کوئی کتاب وی پی نہیں بھیجی جائے گی۔ | | |

ملنے کا پتہ: ادارہ اشاعت المعارف ◎ ریلوے روڈ فیصل آباد ٠٤١١ ٦٤٠٠٢٢